الٰہی جیسا تو نے مجھ کو میری پسندیدہ نعمتیں عطا فرما دیں تو ان کو ایسے کاموں کی ادائیگی میں قوت کا باعث بھی بنا دے جو تجھ کو پسند ہیں۔

۴۲ اَللّٰهُمَّ وَمَا زَوَيْتَ عَنِّي مِمَّا أُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِّي فِيمَا تُحِبُّ

الٰہی جن میری پسندیدہ نعمتوں کو تو نے مجھ سے روک لیا ہے تو ان کے خیال کو بھی میرے دل کو خالی کر کے ایسے کاموں میں لگنے کا ذریعہ بنا جو تجھ کو

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ ۔

پسند ہوں۔ اے دلوں کے پلٹنے والے میرے دل کو اپنے دین پر جمائے رکھ۔

۴۳ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ إِيمَانًا لَّا يَرْتَدُّ وَنَعِيمًا لَّا يَنْفَدُ وَ

الٰہی میں تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں جو نہ چھوٹے اور اس نعمت کا طالب ہوں جو ختم نہ ہو اور

مُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَعْلَى

اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت چاہتا ہوں جنت کے سب سے

دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ ۔

اونچے درجے میں جو ہمیشہ رہنے کی جنت ہے۔

۴۴ اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِي بِمَا عَلَّمْتَنِي وَعَلِّمْنِي مَا يَنْفَعُنِي وَزِدْنِي عِلْمًا

الٰہی جو علم تو نے مجھ کو سکھایا ہے اس سے تو مجھ کو نفع بھی دینا اور وہ علم سکھا تا جو مجھ کو نفع دے اور مجھ کو اور زیادہ علم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ وَّأَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ أَهْلِ النَّارِ ۔

عطا فرما۔ تمام تعریف اللہ تعالیٰ کیلئے ہے ہر حال میں اور میں اللہ تعالیٰ کی پناہ لیتا ہوں دوزخیوں کے حال سے۔

۴۵ اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ أَحْيِنِي

الٰہی اپنے علم غیب کی برکت سے اور مخلوق پر اپنی قدرت کے وسیلے سے مجھ کو زندہ رکھنا اس وقت تک

[1] ذکره ابن الجزری فی الادعیة التی هی غیر مخصوصة بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاه الی الترمذی والنسائی و"مستدرك" الحاكم و"مسند" احمد وابی یعلی (ص ۲۳۳)

[2] ذکره ابن الجزری فی الادعیة التی هی غیر مخصوصة بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاه الی النسائی وابن حبان و"مستدرك" الحاكم (ص ۲۳۳)

[3] ذکره ابن الجزری فی الادعیة التی هی غیر مخصوصة بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاه الی الترمذی وابن ماجه و"مستدرك" الحاكم (ص ۲۳۴)

[4] ذکره ابن الجزری فی الادعیة التی هی غیر مخصوصة بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاه الی النسائی و "مستدرك" الحاكم واحمد و"المعجم الكبیر" للطبرانی (ص ۲۳۴ و ۲۳۵) ولیس فیه (واسالك القصد فی الفقر و الغنی) وهو موجود فی "الجامع الصغیر" للسیوطی وعزاه الی النسائی والحاكم عن عمار بن یاسر رضی الله تعالیٰ عنهما (ج ۱ ص ۱۰۱)

مَا عَلِمْتَ الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّيْ وَتَوَفَّنِيْ إِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا

جب تک تو میری زندگی میرے لئے بہتر جانے اور مجھ کو اٹھالینا اس وقت جب تو میرے لئے مرنا بہتر جانے

لِّيْ وَأَسْأَلُكَ خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَكَلِمَةَ الْحَقِّ

الٰہی میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرا ڈر غائب اور حاضر ہر حالت میں اور اخلاص کی بات

فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ وَأَسْأَلُكَ الْقَصْدَ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنٰى وَ

خوشی میں بھی اور غصہ میں بھی اور تجھ سے میانہ روی کا طالب ہوں تنگدستی میں بھی اور دولت مندی میں بھی۔

أَسْأَلُكَ نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَأَسْأَلُكَ

اور تجھ سے مانگتا ہوں وہ نعمت جو ختم نہ ہو اور آنکھ کی وہ ٹھنڈک جو زائل نہ ہو اور تجھ سے تیرے حکم پر

الرِّضَا بِالْقَضَاءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ إِلٰى

خوش رہنا اور مرنے کے بعد آرام کی زندگی مانگتا ہوں اور تیرے روئے (انور) کے دیدار کی

وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ إِلٰى لِقَائِكَ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ

لذت اور تیری ملاقات کے شوق کا طلبگار ہوں اور تیری پناہ لیتا ہوں ایسی مصیبت سے

وَفِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ۔ اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْإِيْمَانِ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً

جو نقصان رساں ہو اور ایسے فتنے سے جو گمراہ کردے۔ اے اللہ ہم کو زینت بخش ایمان کی زینت سے

مُّهْتَدِيْنَ۔

اور ہم کو بنادے ہدایت کرنے والا جو خود بھی ہدایت یافتہ ہو۔

٤٦ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا

الٰہی میں تجھ سے ہر بھلائی مانگتا ہوں جو جلدی ملنے والی ہو اور جو دیر میں ملنے والی ہو اور جس کو میں

عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ

جانتا ہوں اور جس کو نہیں جانتا اور تجھ سے تمام برائیوں سے پناہ چاہتا ہوں جو جلدی ملنے والی ہو

وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ۔

اور جو دیر میں ملنے والی ہے جس کو میں جانتا ہوں اور جس کو نہیں جانتا۔

٤٧ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ

اے اللہ میں تجھ سے جنت مانگتا ہوں اور ہر وہ قول و عمل جو مجھ کو اس کے قریب کردے

[1] ذكره ابن الجزري في الأدعية التي هي غير مختصة بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاه إلى ابن ماجة وابن حبان و "مستدرك الحاكم" (ص ٣٢٥) وقد سقط من "الحزب الأعظم" قوله (اللهم إني أسألك من خير ما سألك عبدك ونبيك وأعوذ بك من شر ما عاذ منه عبدك ونبيك) وقدم قبل في "الحزب" (ص ٦٩)

وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَّ

اور تیری پناہ لیتا ہوں دوزخ کے عذاب سے اور ہر اس قول و عمل سے جو مجھ کو اس سے قریب کردے اور

اَسْاَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَاءٍ لِّيْ خَيْرًا وَّاَسْاَلُكَ مَا قَضَيْتَ

تجھ سے سوال کرتا ہوں یہ کہ تو ہر فیصلہ میرے حق میں بہتر کردے اور تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں کہ جو فیصلہ بھی

لِيْ مِنْ اَمْرٍ اَنْ تَجْعَلَ عَاقِبَتَهٗ رَشَدًا۔

تو میرے حق میں فرما چکا ہو تو اس کا انجام بہتر بنا دیجیے۔

۴۸ اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ

الٰہی ہمارے تمام کاموں کا انجام بہتر فرما اور ہم کو دنیا کی رسوائی اور آخرت کے

الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ

عذاب سے پناہ دینا۔

۴۹ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ قَائِمًا وَّاحْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ

الٰہی میری نگرانی فرمانا اسلام پر قائم رکھ کر جب میں کھڑا ہوں اور میری نگرانی فرمانا اسلام پر

قَاعِدًا وَّاحْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ رَاقِدًا وَّلَا تُشْمِتْ بِيْ

جب میں بیٹھا ہوں اور جب سوتا ہوں اور مجھ پر کسی دشمن یا حاسد کو ہنسی

عَدُوًّا وَّلَا حَاسِدًا۔

اڑانے کا موقعہ نہ دینا۔

۵۰ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ خَزَائِنُهٗ بِيَدِكَ وَاَعُوْذُبِكَ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں ہر قسم کی بھلائی جس کے خزانے تیرے ہاتھ میں ہیں اور تیری پناہ لیتا ہوں

مِنْ كُلِّ شَرٍّ خَزَائِنُهٗ بِيَدِكَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اَنْتَ

تمام برائیوں سے جس کے خزانے تیرے ہاتھ میں ہیں اور تیری پناہ لیتا ہوں اس چیز کے شر سے بھی

[1] ذکرہ ابن الجزری فی الادعیۃ التی ھی غیر مخصوصۃ بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاہ الی "مستدرک الحاکم (ص ۲۳۵)

[2] ذکرہ ابن الجزری فی الادعیۃ التی ھی غیر مخصوصۃ بوقت و لاسبب وعزاہ الی ابن حبان و "مستدرک" الحاکم (ص ۲۳۵) وذکرہ السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاہ الی احمد وابن حبان والحاکم عن بسر بن ارطاۃ رضی اللہ تعالی عنہ (ج ۱ ص ۹۳)

[3] ذکرہ ابن الجزری فی الادعیۃ التی ھی غیر مخصوصۃ بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاہ الی "مستدرک" الحاکم وابن حبان (ص ۲۳۵ و ۲۳۶) ولیس فی "الحصن" (واعوذبک من کل شر خزائنہ بیدک) وھو موجود فی "الجامع الصغیر" للسیوطی وعزاہ الی الحاکم عن ابن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ (ج ۱ ص ۹۶)

[4] ذکرہ ابن الجزری فی الادعیۃ التی ھی غیر مخصوصۃ بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاہ الی ابن حبان (ص ۲۳۶)

أَخَذْتَ بِنَاصِيَتِهٖ۔

جس کی پیشانی کو تو نے پکڑ رکھا ہے۔

۵۱ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ عِيْشَةً نَّقِيَّةً وَّمِيْتَةً سَوِيَّةً وَّ

الٰہی میں تجھ سے چاہتا ہوں صاف زندگانی اور آسان موت اور ایسی

مَرَدًّا غَيْرَ مُخْزِيٍّ وَّلَا فَاضِحٍ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّ فِيْ

لوٹنے کی جگہ جہاں نہ رسوائی ہو نہ خواری۔ الٰہی میں کمزور ہوں تو اپنی رضا جوئی میں

رِضَاكَ ضَعْفِيْ وَخُذْ اِلَى الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِيْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ

میری کمزوری کو قوت سے بدل دے اور بھلائی کی طرف میری پیشانی پکڑ کر لے چل

مُنْتَهٰى رِضَائِيْ۔

اور اسلام کو میری خوشی کا مرکز بنا دے۔

۵۲ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّنِيْ وَاِنِّيْ ذَلِيْلٌ فَاَعِزَّنِيْ وَاِنِّيْ

الٰہی میں تو کمزور ہوں تو مجھے قوی بنا دے میں تو ذلیل ہوں تو مجھے عزت والا بنا دے

فَقِيْرٌ فَارْزُقْنِيْ۔

میں تو محتاج ہوں تو مجھے رزق عطا فرمانا۔

[1] ذکرہ ابن الجزری فی الادعیۃ التی ھی غیر مخصوصۃ بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاہ الی "مستدرک" الحاکم (ص ۲۳۶) وذکرہ السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاہ الی البزار والطبرانی فی "الکبیر" والحاکم عن ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنھما (ج ۱ ص ۹۹)۔

[2] ذکرہ ابن الجزری فی الادعیۃ التی ھی غیر مخصوصۃ بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاہ الی "مستدرک" الحاکم و"مصنف" ابن ابی شیبۃ (۲۳۶ و ۲۳۷) وذکرہ السیوطی فی قسم الاقوال من "جمع الجوامع" وعزاہ الی "المعجم الکبیر" عن ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنھما والی ابی یعلی الموصلی والحاکم عن بریدۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ۔ کذا فی "کنز العمال" (ج ۱ ص ۱۹۶)

۱ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ خَيْرَ الْمَسْأَلَةِ وَخَيْرَ الدُّعَاءِ وَخَيْرَ النَّجَاحِ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں سب سے اچھا سوال اور اچھی دعا اور عمدہ سے عمدہ کامیابی

وَخَيْرَ الْعَمَلِ وَخَيْرَ الثَّوَابِ وَخَيْرَ الْحَيٰوةِ وَخَيْرَ الْمَمَاتِ

اور نیک عمل اور عمدہ ثواب اور عمدہ سے عمدہ زندگی اور اچھی سے اچھی موت

وَثَبِّتْنِیْ وَثَقِّلْ مَوَازِيْنِیْ وَحَقِّقْ اِيْمَانِیْ وَارْفَعْ دَرَجَتِیْ

اور یہ بات کہ مجھے ثابت قدم رکھ اور میری نیکیوں کا پلہ بھاری کردے اور میرا ایمان مضبوط فرما اور میرا

وَتَقَبَّلْ صَلَاتِیْ وَاغْفِرْ خَطِيْئَتِیْ وَاَسْأَلُكَ الدَّرَجَاتِ

درجہ بلند کر اور میری نماز قبول فرما اور میرے گناہ بخش دے اور تجھ سے جنت کے اونچے

الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ۔

اونچے درجوں کا طالب ہوں - آمین

۲ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ فَوَاتِحَ الْخَيْرِ وَخَوَاتِمَهٗ وَجَوَامِعَهٗ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں نیک اعمال کی ابتدائیں اور اس کی انتہائیں اور اس کے خلاصے

وَكَوَامِلَهٗ وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَظَاهِرَهٗ وَبَاطِنَهٗ وَالدَّرَجَاتِ

اور اس کی پورا اور کامل کرنے والی چیزیں اور اس کا اول اور اس کا آخر، اس کا ظاہر اور اس کا باطن اور

الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ۔

جنت کے اونچے اونچے درجے - آمین

۳ اَللّٰهُمَّ نَجِّنِیْ مِنَ النَّارِ وَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ

اے اللہ دوزخ کی آگ سے مجھے نجات عطا فرما اور مجھے بخش دے ایسی بخشش جو رات میں بھی ہو اور دن میں بھی

وَالْمَنْزِلَ الصَّالِحَ مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ۔

اور جنت میں عمدہ مکان نصیب فرما - آمین

۱ ذكره ابن الجزری فی الادعية التی هی غير مختصة بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاه الى "المستدرك" و "معجمی الكبير والاوسط" للطبرانی (ص ۲۳۷ و ۲۳۸) وذكره السيوطی فی قسم الاقوال من "جمع الجوامع" وعزاه الى "المعجم الكبير" للطبرانی و "مستدرك الحاكم" عن ام سلمة رضی الله تعالى عنها كذا فی "كنز العمال" (ج ۱ ص ۲۰۱)

۴ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ خَلَاصًا مِّنَ النَّارِ سَالِمًا وَّاَنْ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں چھٹکارا دوزخ کی آگ سے سلامتی کے ساتھ اور یہ بات کہ مجھ کو

تُدْخِلَنِی الْجَنَّةَ اٰمِنًا۔

جنت میں داخل فرمانا امن کے ساتھ (یعنی بغیر عذاب دیئے)۔

۵ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ خَیْرَ مَا اٰتِیْ وَخَیْرَ مَا اَفْعَلُ وَخَیْرَ مَا اَعْمَلُ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں بھلائی اپنے کردار اور اپنے ہر فعل اور عمل کی اور جو چیزیں

وَخَیْرَ مَا بَطَنَ وَخَیْرَ مَا ظَهَرَ وَالدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِیْنَ

پوشیدہ ہیں اور جو ظاہر ہو چکی ہیں ان کی اور بلند درجے جنت کے۔ آمین۔

۶ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ اَنْ تَرْفَعَ ذِكْرِیْ وَتَضَعَ وِزْرِیْ وَتُصْلِحَ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں کہ میرا ذکر بلند فرما اور میرے گناہ (میری گردن سے) اتار دے اور میرے کام درست فرما

اَمْرِیْ وَتُطَهِّرَ قَلْبِیْ وَتُحَصِّنَ فَرْجِیْ وَتُنَوِّرَ لِیْ فِیْ قَبْرِیْ

اور میرے دل کو پاک کر دے اور میری شرمگاہ کو محفوظ رکھ اور میری قبر کو منور کر دے اور میرے گناہ بخش دے۔

وَتَغْفِرَ لِیْ ذَنْبِیْ وَاَسْأَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِیْنَ

اور میں تجھ سے مانگتا ہوں جنت کے بلند درجے۔ آمین

۷ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ اَنْ تُبَارِكَ لِیْ فِیْ سَمْعِیْ وَفِیْ بَصَرِیْ وَ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں کہ تو مجھ کو برکت عطا فرما میری سماعت میں میری بصارت میں

فِیْ رُوْحِیْ وَفِیْ خَلْقِیْ وَفِیْ خُلُقِیْ وَفِیْ اَهْلِیْ وَفِیْ مَالِیْ وَ

میری روح میں میری شکل و صورت میں میری عادت میں میرے بیوی بچوں میں میرے مال میں اور

فِیْ مَحْیَایَ وَفِیْ مَمَاتِیْ وَفِیْ عَمَلِیْ۔

میری زندگی میں میری موت میں اور میرے عمل میں۔

۸ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ حَسَنَاتِیْ وَاَسْأَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِیْنَ

اے اللہ میری نیکیاں قبول فرما اور میں تجھ سے جنت میں اونچے اونچے درجوں کا طالب ہوں۔ آمین

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَیَّ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّیْ وَ

اے اللہ میرا سب سے زیادہ فراغت کا رزق میرے بڑھاپے اور میری

[1] ذکرہ ابن الجزری فی الادعیۃ التی ھی غیر مخصوصۃ بوقت ولا سبب من الحصن وعزاہ الی مستدرک الحاکم و المعجم الاوسط للطبرانی (ص ۲۳۸) وذکرہ السیوطی فی الجامع الصغیر وعزاہ الی الحاکم عن عائشۃ رضی اللہ تعالی عنہا (ج ۱ ص ۹۷)

انقطاع عمري. يا من لا تراه العيون ولا تخالطه الظنون

آخر عمر میں مقدر فرما دے۔ اے وہ ذات جس کو آنکھیں نہیں دیکھ پاتیں اور جس کو خیالات نہیں پا سکتے

ولا يصفه الواصفون ولا تغيره الحوادث ولا يخشى

اور نہ بیان کرنے والے اس کی حمد و ثنا بیان کر سکتے ہیں اور نہ زمانے کے حوادث اس میں کوئی اثر پیدا کر سکتے ہیں اور

الدوائر يعلم مثاقيل الجبال ومكائيل البحار وعدد

نہ وہ گردش زمانہ سے ڈرتی ہے، پہاڑوں کے وزن، دریاؤں کے پیمانے بارشوں کے قطرے

قطر الأمطار وعدد ورق الأشجار وعدد ما أظلم

اور درختوں کے پتے سب اس کے علم میں ہیں جو ان سب چیزوں کو جانتی ہے جس پر

عليه الليل وأشرق عليه النهار ولا تواري منه سماء

رات کی تاریکی چھاتی ہے اور دن روشنی ڈالتا ہے جس سے آسمان دوسرے آسمان کو

سماء ولا أرض أرضا ولا بحر ما في قعره ولا جبل ما

چھپا نہیں سکتا اور نہ زمین دوسری زمین کو اور نہ سمندر اس چیز کو چھپا سکتے ہیں جو ان کی تہ میں ہے اور

في وعره اجعل خير عمري آخره وخير عملي خواتمه

نہ پہاڑ جو ان کے پتھریلے جگہ میں ہے میری عمر کا بہترین حصہ آخر عمر میں اور میرے سب سے اچھے عمل خاتمے کے

وخير أيامي يوم ألقاك فيه. يا ولي الإسلام وأهله

وقت مقدر فرما دے اور میرے دنوں میں سب سے بھلا دن وہ بنا دے جس میں تجھ سے ملوں یعنی قیامت

ثبتني به حتى ألقاك.

اے اسلام اور اہل اسلام کے مالک مجھے اسلام پر قائم رکھنا یہاں تک کہ میں تجھ سے ملوں یعنی موت تک۔

۱۰ اللهم[۳] إني أسألك غناي وغنا مولاي.

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں اپنا غنا اور اپنے متعلقین کا غنا۔

[۱] ذكره ابن الجزري في الأدعية التي هي غير مخصوصة بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاه الى "المعجم الأوسط" للطبراني (ص ۲۳۸ و ۲۳۹)

[۲] ذكره ابن الجزري في الأدعية التي هي غير مخصوصة بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاه الى "المعجم الكبير" للطبراني (ص ۲۳۹)

[۳] ذكره ابن الجزري في الأدعية التي هي غير مخصوصة بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاه الى أحمد و"المعجم الكبير" للطبراني (ص ۲۳۹ و ۲۴۰) وذكره السيوطي في "الجامع الصغير" وعزاه الى "الكبير" للطبراني عن أبي صرمة رضي الله تعالى عنه (ج ۱ ص ۹۵).

۱۱ اَللّٰهُمَّ[1] اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ۔

اے اللہ مجھے بخش دے مجھ پر رحم فرما اور مجھے جنت میں داخل فرما دے۔

۱۲ اَللّٰهُمَّ[2] اجْعَلْنِيْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ شَكُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ فِيْ عَيْنِيْ صَغِيْرًا وَّفِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْرًا۔

اے اللہ مجھے اعلیٰ درجہ کا صبر کرنے والا اور نہایت شکر گذار بندہ بنا دے اور مجھے اپنی نظروں میں چھوٹا اور دوسروں کی نظروں میں بڑا بنا دے۔

۱۳ اَللّٰهُمَّ[3] اِنِّيْ اَسْاَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا وَّرِزْقًا حَلَالًا طَيِّبًا۔

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ علم جو فائدہ دے اور ایسا عمل جو مقبول ہو اور وہ رزق جو حلال اور ستھرا ہو۔

۱۴ اَللّٰهُمَّ[4] اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِيْ وَاَسْتَهْدِيْكَ لِمَرَاشِدِ اَمْرِيْ وَاَسْتَجِيْرُكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ فَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ رَبِّيْ۔

اے اللہ میں تجھ سے اپنے گناہوں کی بخشش کا طالب ہوں اور اپنے معاملہ میں کامیابی کی راہوں کی ہدایت مانگتا ہوں اور اپنے نفس کے شر سے تیری پناہ ڈھونڈھتا ہوں اور تیرے سامنے توبہ کرتا ہوں تو میری توبہ قبول فرمالے کیونکہ یقیناً تو ہی میرا پروردگار ہے۔

۱۵ اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ رَغْبَتِيْ اِلَيْكَ وَاجْعَلْ غِنَايَ فِيْ صَدْرِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا رَزَقْتَنِيْ وَتَقَبَّلْ مِنِّيْ اِنَّكَ اَنْتَ رَبِّيْ۔

اے اللہ تو میرے دل کی رغبت اپنی ذات کی طرف کردے اور مجھے قلبی غنا بخش دے اور جو رزق تو نے میرے لئے مقدر فرمادیا ہے اس میں برکت عطا فرمادے اور مجھ ناچیز کا عمل قبول فرمالے کیونکہ تو ہی میرا پروردگار ہے۔

[1] ذکرہ ابن الجزری فی الادعیۃ التی ھی غیر مخصوصۃ بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاہ الی "المعجم الکبیر" للطبرانی (ص ۲۴۰)۔

[2] ذکرہ ابن الجزری فی الادعیۃ التی ھی غیر مخصوصۃ بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاہ الی البزار (ص ۲۴۰)

[3] ذکرہ ابن الجزری فی الادعیۃ التی ھی غیر مخصوصۃ بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاہ الی "المعجم الاوسط" للطبرانی ولیس فیہ (ورزقا حلالا طیبا) (ص ۲۴۰) وقال النووی فی "باب الحث علی ذکر اللہ تعالی بعد صلوۃ الصبح" من "الاذکار" ورویناہ فی "مسند" الامام احمد و"سنن" ابن ماجہ وکتاب ابن السنی عن ام سلمۃ رضی اللہ تعالی عنہا قالت کان رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اذا صلی الصبح قال "اللھم انی اسألك علما نافعا و عملا متقبلا ورزقا طیبا (ص ۳۶)

[4] ذکرہ ابن الجزری فی الادعیۃ التی ھی غیر مخصوصۃ بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاہ الی "مصنف" ابن ابی شیبۃ (ص ۲۴۱) ولیس فیہ (واستجیرك من شر نفسی) وانما وقع فی روایۃ ابن حبان (واعوذبك من شر نفسی) کما ذکرہ ابن الجزری قبل ھذا السیاق۔

يَا مَنْ اَظْهَرَ الْجَمِيْلَ وَسَتَرَ عَلَى الْقَبِيْحِ يَا مَنْ لَا يُؤَاخِذُ

اے وہ ذات جس نے خوبیاں سب پر ظاہر کر دیں اور میری برائیاں چھپالیں، اے وہ ذات جو ہر جرم پر گرفت نہیں کرتی اور

بِالْجَرِيْرَةِ وَلَا يَهْتِكُ السِّتْرَ يَا عَظِيْمَ الْعَفْوِ يَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ

پردہ دری نہیں فرماتی، اے بڑے معاف کرنے والے اے سب سے بہتر در گذر کرنے والے

يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ يَا صَاحِبَ

اے بڑی مغفرت فرمانے والے، اے رحمت کرنے کے لئے دونوں ہاتھوں کو پھیلانے والے اے ہر سرگوشی

كُلِّ نَجْوَى يَا مُنْتَهَى كُلِّ شَكْوَى يَا كَرِيْمَ الصَّفْحِ يَا عَظِيْمَ

کے جاننے والے اے ہر شکایت کے لئے آخری بارگاہ اے بڑے درگذر فرمانے والے اے بڑے

الْمَنِّ يَا مُبْتَدِئَ النِّعَمِ قَبْلَ اسْتِحْقَاقِهَا يَا رَبَّنَا وَيَا سَيِّدَنَا

احسان فرمانے والے، اے نعمتوں کے استحقاق کے بغیر اپنی طرف سے نعمت فرمانے والے اے ہمارے پروردگار اے ہمارے سردار

وَيَا مَوْلٰنَا وَيَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا اَسْاَلُكَ يَا اَللّٰهُ اَنْ لَّا تَشْوِيَ

اے ہمارے مالک اور اے ہماری خواہش کا آخری مقصود اور اے میرے خدا میں تجھ سے بس یہ مانگتا ہوں کہ میرے

خَلْقِيْ بِالنَّارِ۔

جسم کو آگ میں نہ جلانا۔

١٦ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ فَاِنَّهٗ لَا

اے اللہ میں تجھ سے تیری رحمت اور تیرے فضل کا طالب ہوں کیونکہ اس کا مالک

يَمْلِكُهَآ اِلَّآ اَنْتَ۔ اَللّٰهُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِيْ فَاَحْسِنْ خُلُقِيْ۔

سوائے تیرے کوئی نہیں۔ اے اللہ تو نے میری صورت اچھی بنائی تو میرے اخلاق بھی اچھے بنادے

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاهْدِنِي السَّبِيْلَ الْاَقْوَمَ۔

اے اللہ بخش دے اور رحم فرمادے اور سب سے صحیح راستہ نصیب فرما۔

[1] ذکرہ ابن الجزری فی الادعیة التی ھی غیر مخصوصة بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاہ الی "مستدرک" الحاکم (ص ۲۴۱ و ۲۴۲)

[2] ذکرہ ابن الجزری فی الادعیة التی ھی غیر مخصوصة بوقت ولا سبب من "الحصن" وعزاہ الی "المعجم الکبیر" للطبرانی (ص ۲۴۲)

[3] ذکرہ ابن الجزری فی الادعیة التی ھی غیر مخصوصة بوقت ولا سبب وعزاہ الی احمد وابی یعلی (ص ۲۴۳)

[4] ذکرہ ابن الجزری فی الادعیة التی ھی غیر مخصوصة بوقت ولا سبب وعزاہ الی احمد وابی یعلی (ص ۲۴۳)

۱۷ اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّبِيِّ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْفِرْ لِي

اے اللہ ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے رب میرے گناہ بخشدے

ذَنْبِي وَاَذْهِبْ عَنِّي غَيْظَ قَلْبِي وَاَجِرْنِي مِنْ مُضِلَّاتِ

اور میرے دل سے غصہ کی عادت نکال دے اور جب تک مجھے زندہ رکھے گمراہ کرنے والے

الْفِتَنِ مَا اَحْيَيْتَنَا۔

فتنوں سے اپنی پناہ میں رکھ۔

۱۸ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِي طَيِّبًا وَّاسْتَعْمِلْنِي طَيِّبًا۔

اے اللہ مجھے رزق حلال دے اور مجھے اچھے عمل میں لگائے رکھ۔

۱۹ اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ مِنْ فُجَاءَةِ الْخَيْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فُجَاءَةِ الشَّرِّ۔

اے اللہ میں تجھ سے کسی سبب کے بغیر بھلائی کا طالب ہوں اور ناگہانی شر سے تیری پناہ لیتا ہوں۔

۲۰ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ وَاِلَيْكَ يَعُوْدُ السَّلَامُ

اے اللہ تیرا نام سلام ہے اور سلامتی تیری ہی جانب سے آتی ہے اور تیری ہی طرف لوٹتی ہے

اَسْاَلُكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَنْ تَسْتَجِيْبَ لَنَا دَعْوَتَنَا وَ

میں تجھ سے مانگتا ہوں اے بزرگی اور بخشش والے یہ بات کہ تو ہماری دعا قبول فرمالے اور

اَنْ تُعْطِيَنَا رَغْبَتَنَا وَاَنْ تُغْنِيَنَا عَمَّنْ اَغْنَيْتَهُ عَنَّا مِنْ

ہماری آرزوئیں تو ہی پوری فرمادے اور اپنی مخلوق میں سے جس کو ہمارا محتاج نہیں کیا ہم کو بھی اس سے بے نیاز فرمادے

[1] ذکرہ ابن الجزری فی الادعیۃ التی ھی غیر مخصوصۃ بوقت ولا سبب وعزاہ الی احمد (ص ۴۳۴) ولیس فیہ (عنی) وھو الصحیح کما فی النسخۃ المصریۃ من الحزب الاعظم۔

[2] ذکرہ السیوطی فی قسم الاقوال من جمع الجوامع وعزاہ الی الحکیم الترمذی ولفظہ عن حنظلۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مرفوعاً فلجاءنی جبریل الامین بھاتین الدعوتین اللھم ارزقنی طیباً واستعملنی صالحاً کذا فی کنز العمال (ج ۱ - ص ۲۰۴)

[3] ذکرہ السیوطی فی الجامع الصغیر وعزاہ الی ابی یعلی الموصلی وابن السنی عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا اصبح واذا امسی یدعو بھذہ الدعوات اللھم انی اسالک من فجاءۃ الخیر واعوذبک من فجاءۃ الشر فان العبد لا یدری ما یفجأہ اذا اصبح واذا امسی (ج ۲ ص ۱۰۲) وذکرہ النووی فی باب ما یقال فی الصباح والمساء من الاذکار وعزاہ الی ابن السنی عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ص ۳۹)

[4] ذکرہ النووی فی باب ما یقول اذا طلعت الشمس من کتاب الاذکار فی حدیث طویل وعزاہ الی ابن السنی باسناد ضعیف عن ابی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ ولیس فیہ لفظۃ (یعود) (ص ۴۱) وروی البزار عن ابی سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا اصبح فطلعت الشمس قال اللھم اصبحت وشھدت بما شھدت بہ علی نفسک واشھدت ملائکتک واولی العلم من لم یشھد بما شھدت فاکتب شھادتی مکان شھادتہ اللھم انت السلام ومنک السلام والیک یعود السلام یا ذا الجلال والاکرام۔ الحدیث۔ کذا فی مجمع الزوائد للھیثمی، قال الھیثمی وفیہ داود بن عبد الحمید وھو ضعیف (ج ۱۰ ص ۱۱۵)

خَلَقِكَ. رَبِّ قِنِي عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ۔

اے رب جس دن تو اپنے بندوں کو قبروں سے اٹھائے گا اس دن مجھے اپنے عذاب سے بچا لینا۔

٢١ اَللّٰهُمَّ[٢] خِرْ لِي وَاخْتَرْ لِي۔ وَفِي الصَّحِيحِ كَانَ اَكْثَرُ دُعَاءِ

اے اللہ تو ہی میرے لئے پسند فرما اور تو ہی جو بہتر ہو مجھے چھانٹ کر دیدے۔ اور صحیح حدیث میں ہے کہ

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اکثر دعا یہ ہوتی تھی۔

٢٢ اَللّٰهُمَّ[٣] رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا

اے ہمارے پروردگار ہم کو دنیا میں بھی نیکی دے اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما اور دوزخ کے

عَذَابَ النَّارِ. بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِي وَمَالِي وَدِيْنِي۔

عذاب سے ہم کو بچا لے۔ میری جان پر اللہ تعالیٰ کے نام پاک کی برکت نازل ہو اور مال پر بھی اور میرے دین پر بھی برکت نازل ہو

٢٣ اَللّٰهُمَّ اَرْضِنِي بِقَضَائِكَ وَبَارِكْ لِي فِيمَا قُدِّرَ لِي حَتّٰى

اے اللہ اپنی قضا پر مجھ کو راضی کردے اور جو میرے لئے مقدر ہو چکا ہے اسی میں مجھے برکت عطا فرما تاکہ جو چیز تو نے

لَا اُحِبَّ تَعْجِيلَ مَا اَخَّرْتَ وَلَا تَاْخِيرَ مَا عَجَّلْتَ۔

مؤخر فرمادی ہے اس کی جلدی نہ کروں اور جس چیز کو تو نے فی الحال مقدر کردیا ہے اس کی تاخیر کی تمنا نہ کروں۔

[١] ذكره ابن الجزري في ادعية دبر الصلاة من "الحصن" وعزاه الى مسلم والاربعة (ص ١٠٣)

[٢] قال النووي في "الاذكار" في "باب دعاء الاستخارة" وروينا في كتاب الترمذي باسناد ضعيف ضعفه الترمذي وغيره عن ابي بكر رضي الله تعالى عنه ان النبي صلى الله تعالى عليه وسلم كان اذا اراد الامر قال "اللهم خر لي واختر لي" (ص ٥٦) وذكره السيوطي في "الجامع الصغير" ايضا وعزاه الى الترمذي عن ابي بكر رضي الله تعالى عنه (ج ٢ ص ١٢١)

[٣] قال النووي في "الاذكار" في "باب دعاء الكرب والدعاء عند الامور المهمة" وروينا في "صحيحي البخاري ومسلم عن انس رضي الله تعالى عنه قال "كان اكثر دعاء النبي صلى الله تعالى عليه وسلم "اللهم اتنا في الدنيا حسنة وفي الاخرة حسنة وقنا عذاب النار" (ص ٥٦) وفي "الجامع الصغير" للسيوطي. كان اكثر دعوة يدعو بها ربنا اتنا في الدنيا حسنة وفي الاخرة حسنة. الحديث. وعزاه الى احمد والشيخين و ابي داود عن انس رضي الله تعالى عنه (ج ٢ ص ١٨٦)

[٤] قال النووي في "باب ما يقول اذا تعسرت عليه معيشة" من "الاذكار" روينا في "كتاب ابن السني" عن ابن عمر رضي الله تعالى عنهما عن النبي صلى الله تعالى عليه وسلم قال ما يمنع احدكم اذا عسر عليه امر معيشته ان يقول اذا خرج من بيته "بسم الله على نفسي ومالي وديني اللهم رضني بقضائك. الحديث (ص ٥٨)

۲۴ اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ اِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَةِ۔

اے اللہ بس عیش تو آخرت کا عیش ہے۔

۲۵ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مِسْكِيْنًا وَّاَمِتْنِيْ مِسْكِيْنًا وَّاحْشُرْنِيْ فِيْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ۔

اے اللہ مجھے جیتا رکھ تو مسکین خاکسار جیتا رکھ، اور اٹھا تو خاکسار اٹھا اور جب میرا حشر ہو تو خاکساروں کی جماعت میں ہو۔

۲۶ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ الَّذِيْنَ اِذَا اَحْسَنُوا اسْتَبْشَرُوْا وَاِذَا اَسَاءُوا اسْتَغْفَرُوْا

اے اللہ مجھے ان بندوں میں سے بنا لے جو نیکی کریں تو خوش ہوں اور جب برا کام کریں تو مغفرت مانگیں

۲۷ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِكَ تَهْدِيْ بِهَا قَلْبِيْ وَ

اے اللہ میں تجھ سے تیری خاص رحمت مانگتا ہوں کہ جس سے تو میرے دل کو ہدایت نصیب فرما دے اور

[1] ذکرہ السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاہ الی احمد والخمسۃ سوی ابن ماجہ عن انس رضی اللہ تعالی عنہ والی احمد والشیخین عن سھل بن سعد رضی اللہ تعالی عنہ (ج۱ص ۹۳)

[2] ذکرہ السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاہ الی عبد بن حمید وابن ماجہ عن ابی سعید رضی اللہ تعالی عنہ والی "المعجم الکبیر" للطبرانی والضیاء المقدسی عن عبادۃ بن الصامت رضی اللہ تعالی عنہ (ج۱ص ۱۰۳)

[3] ذکرہ السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاہ الی ابن ماجہ و "شعب الایمان" للبیہقی عن ام المؤمنین عائشۃ رضی اللہ تعالی عنہا (ج۱ص ۹۴)

[4] ذکرہ السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاہ الی الترمذی و "کتاب الصلاۃ" لمحمد بن نصر المروزی و "المعجم الکبیر" للطبرانی و "کتاب الدعوات" للبیہقی عن ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما (ج۱ص ۹۵) وذکرہ ایضا فی قسم الافعال من "جمع الجوامع" ولفظہ عن ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما قال بعثنی العباس رضی اللہ تعالی عنہ الی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فاتیتہ ممسیا وھو فی بیت خالتی میمونۃ رضی اللہ تعالی عنہا فقام رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم یصلی من اللیل فلما صلی رکعتی الفجر قال اللھم انی اسالک رحمۃ من عندک تھدی بھا قلبی وتجمع بھا امری" وساق الحدیث بطولہ کما فی "الجامع الصغیر" کذا فی کنز العمال (ج۱ص ۲۹۹) وذکرہ ایضا فی قسم الافعال من "جمع الجوامع" وعزاہ الی "مستدرک" الحاکم عن ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما فی حدیث طویل وفیہ ثم قام فصلی ثمان رکعات کل رکعۃ دون التی قبلھا یفصل فی کل ثنتین بالتسلیم وصلی ثلاثا اوتر بھن بعد الاثنین وقام فی الواحدۃ الاولی فلما رکع الرکعۃ الاخیرۃ فاعتدل قائما من رکوعہ قنت فقال "اللھم انی اسالک رحمۃ من عندک تھدی بھا قلبی" الحدیث۔ کذا فی "کنز العمال" (ص ۲۹۷ و ۲۹۸) ولعل ھذا السیاق نقلہ المصنف من "الکلم الطیب" واوردہ الغزالی فی "الاحیاء" بتقدیم وتاخیر۔

تَجْمَعُ بِهَا أَمْرِي وَتَلُمُّ بِهَا شَعَثِي وَتُصْلِحُ بِهَا دِينِي وَ

میرے کام کو جمع کردے اور میری پریشان حالی کو دور فرمادے اور میرا دین سنوار دے اور

تَقْضِي بِهَا دَيْنِي وَتَحْفَظُ بِهَا غَائِبِي وَتَرْفَعُ بِهَا شَاهِدِي

میرا قرض ادا فرمادے اور جس کی وجہ سے تو میری غیر حاضری کے معاملات کی نگہبانی فرمادے اور میری موجودگی کے

وَتُبَيِّضُ بِهَا وَجْهِي وَتُزَكِّي بِهَا عَمَلِي وَتُلْهِمُنِي بِهَا رُشْدِي

حالات بلند فرمادے اور میرے چہرے کو نورانی کردے اور میرے عمل کو (شرک و ریاء سے) پاک کردے اور میری مقدر کی ہدایت میرے دل میں

وَتَرُدُّ بِهَا أُلْفَتِي وَتَعْصِمُنِي بِهَا مِنْ كُلِّ سُوْءٍ ۔

ڈال دے اور میری الفت پھیر دے اور مجھ کو ہر برائی سے بچالے۔

۲۸ اَللّٰهُمَّ أَعْطِنِي إِيمَانًا لَا يَرْتَدُّ وَيَقِينًا لَيْسَ بَعْدَهُ كُفْرٌ

اے اللہ مجھ وہ ایمان نصیب فرما جو زائل نہ ہوسکے اور ایسا یقین دے جس کے بعد کفر نہ ہو اور وہ رحمت

وَرَحْمَةً أَنَالُ بِهَا شَرَفَ كَرَامَتِكَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۔

عطا فرما جس کے سبب میں دنیا و آخرت میں تیری عطا کردہ بزرگی کا شرف حاصل کرسکوں۔

۲۹ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْفَوْزَ فِي الْقَضَاءِ وَنُزُلَ الشُّهَدَاءِ وَ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے حکم میں مراد پانا اور شہیدوں کی مہمانی اور

عَيْشَ السُّعَدَاءِ وَمُرَافَقَةَ الْأَنْبِيَاءِ وَالنَّصْرَ عَلَى الْأَعْدَاءِ

خوش نصیبوں کی زندگانی اور پیغمبروں کا ساتھ اور دشمنوں پر فتحمندی

إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ ۔

بیشک تو دعاؤں کا بڑا سننے والا ہے۔

۳۰ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أُنْزِلُ بِكَ حَاجَتِي وَإِنْ قَصُرَ رَأْيِي وَضَعُفَ

اے اللہ میں اپنی حاجت تیرے سامنے پیش کرتا ہوں اگرچہ میری عقل کوتاہ ہے اور میرے عمل

عَمَلِي افْتَقَرْتُ إِلَى رَحْمَتِكَ فَأَسْأَلُكَ يَا قَاضِيَ الْأُمُورِ وَ

کمزور ہیں میں تیری رحمت کا محتاج ہوں پس اے مرادوں کے پورا کرنے والے اور دلوں کے

يَا شَافِيَ الصُّدُورِ كَمَا تُجِيرُ بَيْنَ الْبُحُورِ أَنْ تُجِيرَنِي مِنْ

شفا دینے والے میں تجھ سے مانگتا ہوں کہ جس طرح تو نے فاصلہ کر رکھا ہے سمندروں میں ایسا ہی فاصلہ

عَذَابِ السَّعِيرِ وَمِنْ دَعْوَةِ الثُّبُورِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْقُبُورِ ۔

رکھ مجھ کو دوزخ کی آگ سے اور اس بات سے کہ دوزخ کی تکلیف سے واویلا کروں اور مجھ کو پناہ دے قبروں کی آزمائش سے

۳۱ اَللّٰهُمَّ مَا قَصُرَ عَنْهُ رَأْيِيْ وَضَعُفَ عَنْهُ عَمَلِيْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ نِيَّتِيْ

اے اللہ جس بھلائی تک میری عقل کی رسائی نہ ہو سکی ہو اور میرا عمل اس سے کوتاہ ہو اور میں اس کا

وَمَسْأَلَتِيْ مِنْ خَيْرٍ وَّعَدْتَّهٗ أَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ أَوْ خَيْرٍ

سوال اور آرزو نہ کر سکا ہوں اور تو نے اپنی مخلوق میں کسی بندہ سے اس کا وعدہ فرمایا ہو یا کوئی

أَنْتَ مُعْطِيْهِ أَحَدًا مِّنْ عِبَادِكَ فَإِنِّيْ أَرْغَبُ إِلَيْكَ فِيْهِ

ایسی بھلائی ہو کہ اس کو تو اپنے بندوں میں کسی کو دینے والا ہو تو میں بھی تجھ سے اس بھلائی کا خواہشمند ہوں

وَأَسْأَلُكَ بِرَحْمَتِكَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ۔

اور اس کو تجھ سے مانگتا ہوں تیری رحمت کے وسیلے سے اے تمام جہانوں کے پالنے والے۔

۳۲ اَللّٰهُمَّ ذَا الْحَبْلِ الشَّدِيْدِ وَالْأَمْرِ الرَّشِيْدِ أَسْأَلُكَ الْأَمْنَ

اے اللہ مضبوط عہد والے اور نیک کاموں کے مالک میں تجھ سے امن کا طالب ہوں

يَوْمَ الْوَعِيْدِ وَالْجَنَّةَ يَوْمَ الْخُلُوْدِ مَعَ الْمُقَرَّبِيْنَ الشُّهُوْدِ

عذاب کے دن اور جنت کا جس میں ہمیشہ ہمیشہ رہنا ہے ان لوگوں کے ہمراہ جو تیرے مقرب اور

الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ الْمُوْفِيْنَ بِالْعُهُوْدِ إِنَّكَ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ

حضوری والے بندے ہیں رکوع اور سجدے میں پڑے رہنے والے ہیں اور عہدوں کو پورا کرنے والے ہیں بیشک تو

إِنَّكَ تَفْعَلُ مَا تُرِيْدُ۔

بڑا مہربان اور بہت محبت فرمانے والا ہے اور بیشک تو کرتا ہے جو چاہے۔

۳۳ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا هَادِيْنَ مُهْتَدِيْنَ غَيْرَ ضَالِّيْنَ وَلَا مُضِلِّيْنَ

اے اللہ تو ہم کو بنا لے دوسروں کو ہدایت کرنے والا اور خود ہدایت یافتہ نہ ایسا کہ خود بھی گمراہ ہوں اور دوسروں کو بھی گمراہ کرنے

سِلْمًا لِّأَوْلِيَائِكَ وَحَرْبًا لِّأَعْدَائِكَ نُحِبُّ بِحُبِّكَ مَنْ أَحَبَّكَ

والے ہوں تیرے دوستوں کے لئے مصلح کل اور تیرے دشمنوں کیلئے مجسم جنگ، جو تجھ سے محبت رکھے اس سے تیری محبت کی خاطر

وَنُعَادِيْ بِعَدَاوَتِكَ مَنْ خَالَفَكَ مِنْ خَلْقِكَ۔

محبت رکھیں اور جو تیری مخلوق میں تیرے مخالف ہوں ان کے دشمن بن جائیں تیری دشمنی کی وجہ سے۔

۳۴ اَللّٰهُمَّ هٰذَا الدُّعَاءُ وَعَلَيْكَ الْإِجَابَةُ وَهٰذَا الْجُهْدُ وَعَلَيْكَ التُّكْلَانُ۔

اے اللہ یہ دعا کرنا ہمارا کام ہے اور قبول فرمانے کا تیرا وعدہ ہے یہ ہماری کوشش ہے اور بھروسہ تیری ذات پر ہے۔

۳۵ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا فِيْ قَلْبِيْ وَنُوْرًا فِيْ قَبْرِيْ وَنُوْرًا مِّنْ

اے اللہ میرے دل میں نور ڈال دے اور میری قبر میں نور اور میرے سامنے

بَيْنَ يَدَيَّ وَنُوْرًا مِّنْ خَلْفِيْ وَنُوْرًا عَنْ يَّمِيْنِيْ وَنُوْرًا عَنْ شِمَالِيْ

نور میرے پیچھے نور میرے دائیں نور میرے بائیں نور

وَنُوْرًا مِّنْ فَوْقِيْ وَنُوْرًا مِّنْ تَحْتِيْ وَنُوْرًا فِيْ سَمْعِيْ وَنُوْرًا فِيْ

میرے اوپر نور اور میرے نیچے نور کردے اور میری سماعت میں نور اور میری

بَصَرِيْ وَنُوْرًا فِيْ شَعْرِيْ وَنُوْرًا فِيْ بَشَرِيْ وَنُوْرًا فِيْ لَحْمِيْ وَنُوْرًا

آنکھوں میں نور اور میرے رونگٹیوں میں نور اور میرے پوست میں نور میرے گوشت میں نور اور میرے

فِيْ دَمِيْ وَنُوْرًا فِيْ مُخِّيْ وَنُوْرًا فِيْ عِظَامِيْ اَللّٰهُمَّ اَعْظِمْ لِيْ

خون میں نور اور میری ہڈیوں کے گودے میں نور اور میری ہڈی ہڈی میں نور نور کردے۔ اے اللہ میرے نور کو

نُوْرًا وَّاَعْطِنِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا وَّزِدْنِيْ نُوْرًا وَّزِدْنِيْ نُوْرًا

اور بڑا کردے مجھ کو نور عطا فرما میرے لئے نور مقدر فرما اور میرا نور اور بڑھادے اور بڑھادے

وَزِدْنِيْ نُوْرًا سُبْحَانَ الَّذِيْ تَعَطَّفَ بِالْعِزِّ وَقَالَ بِهٖ

اور بڑھادے۔ پاک ہے وہ ذات عزت جس کی چادر ہے اور عزت اس کا فرمان ہے

سُبْحَانَ الَّذِيْ لَبِسَ الْمَجْدَ وَتَكَرَّمَ بِهٖ سُبْحَانَ الَّذِيْ

اور بزرگی جس کا لباس ہے اور بزرگی جس کی بخشش ہے پاک ہے وہ ذات

لَا يَنْبَغِي التَّسْبِيْحُ اِلَّا لَهٗ سُبْحَانَ مَنْ اَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ

کہ ہر عیب سے پاکی صرف اسی کے شایانِ شان ہے پاک ہے وہ ذات جس کے علم میں ہر چیز ہے

بِعِلْمِهٖ سُبْحَانَ ذِي الْفَضْلِ وَالطَّوْلِ سُبْحَانَ ذِي الْمَنِّ وَ

پاک ہے وہ ذات جو بڑے فضل و بخشش والی ہے پاک ہے وہ ذات جو بڑے احسان اور انعام کی مالک ہے

النِّعَمِ سُبْحَانَ ذِي الْمَجْدِ وَالْكَرَمِ سُبْحَانَ ذِي الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

پاک ہے وہ ذات جو بڑے شرف و کرم والی ہے اور پاک ہے وہ ذات جو بڑے جلال و اکرام والی ہے۔

٣٦

اَللّٰهُمَّ لَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّلَا تَنْزِعْ مِنِّيْ

اے اللہ تو مجھے پلک جھپکنے بھر بھی میرے نفس کے حوالہ نہ کرنا اور جو عمدہ بات تو نے مجھ کو عطا

صَالِحَ مَا اَعْطَيْتَنِيْ۔

فرمادی ہے اس کو مجھ سے نہ چھیننا۔

لہ ذکرہ السیوطی فی الجامع الصغیر وعزاہ الی مسند البزار عن ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما (ج ۱ ص ۹۵)

۳۷ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ لَسْتَ بِاِلٰهٍ اسْتَحْدَثْنَاهُ وَلَا بِرَبٍّ يَبِيْدُ

ا؎ے اللہ تو وہ خدا نہیں ہے جس کو ہم نے خود تراش لیا ہو اور نہ وہ رب ہے جس کا ذکر

ذِكْرُهٗ ابْتَدَعْنَاهُ وَلَا عَلَيْكَ شُرَكَاءُ يَقْضُوْنَ مَعَكَ وَلَا كَانَ

نا پائیدار ہو اور ہم نے اس کو ایجاد کیا ہو اور نہ تیرے کوئی شریک کار ہیں جو تیرے ساتھ فیصلے کرتے ہوں اور نہ

لَنَا قَبْلَكَ مِنْ اِلٰهٍ نَلْجَأُ اِلَيْهِ وَنَذَرُكَ وَلَا اَعَانَكَ عَلٰى خَلْقِنَا

تجھ سے پہلے ہمارا کوئی معبود تھا جس کی ہم پناہ لیتے ہوں اور تجھ کو چھوڑ دیتے ہوں اور نہ ہمارے پیدا کرنے میں

اَحَدٌ فَنُشْرِكَهٗ فِيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ فَنَسْأَلُكَ لَا اِلٰهَ

کسی اور نے تیری مدد کی ہے تاکہ اس کو ہم تیرا شریک کریں تو بڑی برکت والا ہے بہت بلند و برتر ہے

اِلَّا اَنْتَ اغْفِرْ لِيْ۔

تو ہم تجھ سے ہی مانگتے ہیں، معبود کوئی نہیں سوا تیرے اس لیے ہم کو بخش دے۔

۳۸ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَسْمَعُ كَلَامِيْ وَتَرٰى مَكَانِيْ وَتَعْلَمُ سِرِّيْ

اے اللہ تو میری بات سن رہا ہے اور میری جگہ دیکھ رہا ہے اور میرے پوشیدہ

وَعَلَانِيَتِيْ لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَيْءٌ مِّنْ اَمْرِيْ وَاَنَا الْبَائِسُ

اور ظاہر کو جانتا ہے میری کوئی بات تجھ سے چھپی نہیں اور میں سختی میں مبتلا ہوں

الْفَقِيْرُ الْمُسْتَغِيْثُ الْمُسْتَجِيْرُ الْوَجِلُ الْمُشْفِقُ الْمُقِرُّ

محتاج ہوں فریاد اور پناہ کا طلبگار ہوں ڈر رہا ہوں لرز رہا ہوں اپنے

الْمُعْتَرِفُ بِذَنْبِيْ اَسْأَلُكَ مَسْأَلَةَ الْمِسْكِيْنِ وَاَبْتَهِلُ

گناہوں کا پورا پورا اقرار کرتا ہوں تجھ سے مانگتا ہوں میں مسکین کی طرح اور تیرے سامنے گڑگڑاتا ہوں

اِلَيْكَ ابْتِهَالَ الْمُذْنِبِ الذَّلِيْلِ وَاَدْعُوْكَ دُعَاءَ الْخَائِفِ

ایک ذلیل مجرم کی طرح اور تجھ کو پکارتا ہوں جیسا کہ ایک مصیبت زدہ ڈرنے والا

ا؎ ذكره السيوطي في "الجامع الصغير" وعزاه الى "المعجم الكبير" للطبراني عن صهيب رضي الله تعالى عنه (ج ۱ ص ۹۶) وذكره ايضا في قسم الافعال من "جمع الجوامع" وعزاه الى ابن عساكر عن صهيب رضي الله تعالى عنه كذا في "كنز العمال" (ج ۱ ص ۳۰۹) وسياقهما واحد وليس فيه (يبيد ذكره) ولا (ولا عليك شركاء يقضون معك) ولا (فنسألك لا اله الا انت اغفر لي) وقد جاء (ولا رب يبيد ذكره) في "كتاب العظمة" لابي الشيخ عن صهيب رضي الله تعالى عنه وقد ذكره السيوطي في قسم الاقوال من "جمع الجوامع" كذا في "كنز العمال" (ج ۱ ص ۱۹۸)

۲؎ ذكره السيوطي في "الجامع الصغير" وعزاه الى "المعجم الكبير" للطبراني عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما (ج ۱ ص ۹۶)

الضَّرِیْرِ وَدُعَاءَ مَنْ خَضَعَتْ لَكَ رَقَبَتُهٗ وَفَاضَتْ لَكَ
پکارتا ہے اور اس کی طرح پکارتا ہوں جس کی گردن تیرے سامنے جھکی ہوئی ہو اور جس کے
عَبْرَتُهٗ وَذَلَّ لَكَ جِسْمُهٗ وَرَغِمَ لَكَ اَنْفُهٗ۔
آنسو جاری ہوں اور جس کا سارا جسم تیرے سامنے ذلیل پڑا ہو اور اس کی ناک خاک آلود ہو۔

۳۹ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِیْ بِدُعَآئِكَ شَقِیًّا وَّكُنْ لِّیْ رَءُوْفًا رَّحِیْمًا
اے اللہ تو مجھ کو اس مانگنے میں محروم نہ فرمانا اور میرے لئے بڑا مہربان اور بڑے رحیم ہو جانا۔
یَا خَیْرَ الْمَسْئُوْلِیْنَ وَیَا خَیْرَ الْمُعْطِیْنَ۔
اے ان سب سے بہتر جن سے سوال کیا جاتا ہے اور ان سب سے بڑھ کر جو دینے والے ہیں۔

۴۰ اَللّٰهُمَّ اِلَیْكَ اَشْكُوْ ضُعْفَ قُوَّتِیْ وَقِلَّةَ حِیْلَتِیْ وَهَوَانِیْ عَلَی
اے اللہ میں اپنی کمزوری کا گلہ اپنی بے تدبیری اور لوگوں کی نظروں میں اپنی ذلت کی شکایت تیرے ہی سامنے پیش
النَّاسِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اِلٰی مَنْ تَكِلُنِیْ اِلٰی عَدُوٍّ یَّتَجَهَّمُنِیْ
کرتا ہوں، اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے تو مجھ کو کس کے حوالہ کرے گا اس دشمن کے جو مجھ سے بیزار ہوگا یا ایسے
اَمْ اِلٰی قَرِیْبٍ مَّلَّكْتَهٗ اَمْرِیْ اِنْ لَّمْ تَكُنْ سَاخِطًا عَلَیَّ فَلَآ
دوست کے جس کے ہاتھ میں دیگا میرا فیصلہ اگر تو مجھ سے ناراض نہ ہو تو اس کے بعد مجھ کو کسی بات کی
اُبَالِیْ غَیْرَ اَنَّ عَافِیَتَكَ اَوْسَعُ لِیْ اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِیْمِ
کوئی پرواہ نہیں لیکن پھر بھی تیری جانب سے عافیت میں میرے لئے بہت بڑی گنجائش ہے (بہرحال اس کی ضرورت ہے)
الَّذِیْ اَضَاءَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَاَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمٰتُ وَ
میں تیری اس کریم ذات کے نور کے وسیلے سے تیری پناہ لیتا ہوں جس سے سب آسمان جگمگا رہے ہیں اور سب تاریکیاں روشن ہیں
صَلَحَ عَلَیْهِ اَمْرُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اَنْ تُحِلَّ عَلَیَّ غَضَبَكَ
اور جس کی وجہ سے دنیا و آخرت کے کام درست ہیں اس بات سے کہ تو مجھ پر غصہ ہو یا

لہ ذکرہ السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاہ الی "المعجم الکبیر" للطبرانی عن عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما (ج ۱ ص ۹۶) وذکرہ فی قسم الاقوال من جمع الجوامع وزاد فی آخرہ "قال ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کان دعاء رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی حجۃ الوداع عشیۃ عرفۃ" کذا فی "کنز العمال" (ج ۱ ص ۱۹۲) وذکرہ فی قسم الافعال ایضاً وعزاہ الی ابن عدی وابن عساکر ولفظہ عن عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال لما توفی ابوطالب خرج النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ماشیاً علی قدمیہ فدعاہم الی الاسلام فلم یجیبوہ فانصرف فاتی شجرۃ فصلی رکعتین ثم قال "اللہم الیک اشکو ضعف قوتی" الحدیث۔ نحوہ کذا فی "کنز العمال" (ج ۱ ص ۳۰۹)۔

وَتُنْزِلَ عَلَيَّ سَخَطَكَ وَلَكَ الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى وَلَا حَوْلَ

مجھ سے خفا ہو اور خفا ہونا تجھ کو زیبا ہے یہاں تک کہ تو راضی ہو جائے، تیری

وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِكَ۔

مدد کے بغیر ہم میں نہ قوت ہے نہ طاقت۔

۴۱ اَللّٰهُمَّ وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ الْوَلِيْدِ۔[1]

اے اللہ اس طرح حفاظت فرما جیسے بچے کی حفاظت فرماتا ہے۔

۴۲ اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْئَلُكَ قُلُوْبًا أَوَّاهَةً مُّخْبِتَةً مُّنِيْبَةً فِيْ سَبِيْلِكَ۔[2]

اے اللہ ہم تجھ سے وہ دل مانگتے ہیں جو خوب آہ وزاری کرنے والا ہو خوب گڑگڑانے والا ہو تیری راہ میں متوجہ ہونے والا ہو۔

۴۳ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ إِيْمَانًا يُّبَاشِرُ قَلْبِيْ وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰى

اے اللہ میں تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو میرے دل میں رچ جائے اور وہ سچا یقین کہ میں خوب جان لوں

أَعْلَمَ أَنَّهٗ لَا يُصِيْبُنِيْ إِلَّا مَا كَتَبْتَ لِيْ وَرِضًا مِّنَ الْمَعِيْشَةِ

کہ جو بات تو نے میری تقدیر میں لکھدی ہے بس وہی مجھ کو پیش آسکتی ہے اور رضامندی

بِمَا قَسَمْتَ لِيْ۔[3]

مانگتا ہوں اس زندگانی پر جو تو نے میرے لئے تقسیم فرمادی ہے۔

۴۴ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَالَّذِيْ تَقُوْلُ وَخَيْرًا مِّمَّا نَقُوْلُ۔[4]

اے اللہ تیری تعریف ایسی جیسی خود تو نے فرمائی اور اس سے بہتر جو ہم تیری تعریف کریں۔

[1] ذکره السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاه الی "مسند" ابی یعلی عن ابن عمر رضی الله تعالی عنهما کذا فی "الفتح الکبیر" فی ضم الزیادة الی الجامع الصغیر (ج ۱ ص ۲۴۵) وعزاه فی قسم الاقوال من "جمع الجوامع" الی "تاریخ" البخاری ایضا کما فی "کنز العمال" (ج ۱ ص ۱۹۵)

[2] ذکره السیوطی فی "الجامع الصغیر" فی ضمن حدیث طویل اوله "اللهم انی اعوذ بك من علم لا ینفع" وعزاه الی "مستدرک" الحاکم (ج ۱ ص ۹۶)

[3] ذکره السیوطی فی قسم الاقوال من "جمع الجوامع" وعزاه الی البزار عن ابن عمر رضی الله تعالی عنهما وفیه "ورضنی" بدل "رضا" کذا فی "کنز العمال" (ج ۱ ص ۱۹۴) وذکره فی "الجامع الصغیر" ایضا ولیس فیه "ویقینا صادقا" (ج ۱ ص ۹۷) وقال الهیثمی فی "مجمع الزوائد" وعن ابن عمر رضی الله تعالی عنهما ان رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم کان یدعو بهؤلاء الکلمات "اللهم" الحدیث قال اسالك ایمانا یباشر قلبی حتی اعلم انه لا یصیبنی الا ما کتبت لی ورضا من المعیشة بما قسمت لی رواه البزار وفیه ابو مهدی سعید بن سنان وهو ضعیف فی الحدیث (ج ۱۰ ص ۱۸۱)

[4] ذکره السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاه الی الترمذی و"شعب الایمان" للبیهقی عن علی رضی الله تعالی عنه (ج ۱ ص ۹۸) والفعل مبدو بالنون فی الموضعین صرح به العزیزی فی "شرح الجامع الصغیر"

۴۵ اَللّٰهُمَّ لَكَ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْيَایَ وَمَمَاتِیْ وَاِلَيْكَ مَاٰبِیْ

اے اللہ میری نماز اور میری عبادت میری زندگی اور میری موت سب تیرے لئے ہے اور اے اللہ

وَلَكَ رَبِّ تُرَاثِیْ۔

میرا ٹھکانا تیری ہی ذات پر اور میری وراثت تیری ہی ملک ہے۔

۴۶ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَوَسْوَسَةِ

اے اللہ میں تیری ہی پناہ لیتا ہوں قبر کے عذاب سے اور سینہ کے وسوسوں سے

الصَّدْرِ وَشَتَاتِ الْاَمْرِ۔

اور اپنے معاملات کی پراگندگی سے۔

۴۷ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَجِیْءُ بِهِ الرِّيَاحُ وَاَعُوْذُبِكَ

اے اللہ میں تجھ سے وہ خیر مانگتا ہوں جو ہوائیں لیکر آتی ہیں اور تیری پناہ لیتا ہوں

مِنْ شَرِّ مَا تَجِیْءُ بِهِ الرِّيَاحُ۔

ان برائیوں سے جو ہوائیں لیکر آتی ہیں۔

۴۸ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ اُعَظِّمُ شُكْرَكَ وَاُكْثِرُ ذِكْرَكَ وَاَتَّبِعُ

اے اللہ تو مجھے ایسا بندہ بنالے کہ خوب تیرا شکر کیا کروں تیری یاد کیا کروں اور مانوں

نَصِيْحَتَكَ وَاَحْفَظُ وَصِيَّتَكَ۔

تیری نصیحت اور یاد رکھوں تیرے حکم کو۔

۴۹ اَللّٰهُمَّ[۲] اِنَّ قُلُوْبَنَا وَنَوَاصِيَنَا وَجَوَارِحَنَا بِيَدِكَ لَمْ تُمَلِّكْنَا

اے اللہ ہمارے دل ہماری پیشانیاں اور ہمارے سب اعضا تیرے ہی ہاتھ میں ہیں ان میں سے

مِنْهَا شَيْئًا فَاِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ بِنَا فَكُنْ اَنْتَ وَلِيَّنَا وَ

کسی کا تونے ہم کو مالک نہیں بنایا ہے پھر جب تونے ہم کو ایسا بے بس پیدا فرمایا ہے تو اب تو ہی ہمارا

اهْدِنَا اِلٰی سَوَاءِ السَّبِيْلِ۔

کارساز بن جا اور ہمیں سیدھے راستہ کی ہدایت فرما۔

[۱] ذکرہ السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاہ الی الترمذی عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ (ج۱ص۹۹)

[۲] ذکرہ السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاہا الی "الحلیۃ" لابی نعیم عن جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ ولیس فیہ "واھدنا الی سواء السبیل" ولا "نواصینا" (ج۱ص۹۹) وکذا ذکرہ فی قسم الاقوال من "جمع الجوامع" کما فی "کنز العمال" (ج۱ص۱۹۴)۔

۵۰ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَاءِ اِلَيَّ وَاجْعَلْ خَشْيَتَكَ

اے اللہ مجھے اپنی محبت سب سے زیادہ پیاری کردے اور اپنا خوف

اَخْوَفَ الْاَشْيَاءِ عِنْدِيْ وَاقْطَعْ عَنِّيْ حَاجَاتِ الدُّنْيَا

ہر چیز کے خوف سے زیادہ بڑھادے اور اپنی ملاقات کی تڑپ عطا فرما کر دنیا کی سب

بِالشَّوْقِ اِلٰى لِقَائِكَ وَاِذَا اَقْرَرْتَ اَعْيُنَ اَهْلِ الدُّنْيَا

حاجتیں میرے دل سے نکال دے اور جب دنیا والوں کو دنیا دے کر ان کی آنکھیں ٹھنڈی کرے

مِنْ دُنْيَاهُمْ فَاَقْرِرْ عَيْنِيْ مِنْ عِبَادَتِكَ۔

تو میری آنکھیں اپنی عبادت سے ٹھنڈی کرنا۔

۵۱ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ الْاَعْمَيَيْنِ السَّيْلِ وَ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں دو اندھوں کے شر سے ایک سیل کا پانی دوسرے حملہ آور اونٹ (دونوں کا رخ

الْبَعِيْرِ الصَّؤُوْلِ۔

جدھر ہو جائے اندھا دھند ہوتا ہے)

۵۲ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ

اے اللہ میں تجھ سے تندرستی اور پاک دامنی کا طالب ہوں اور امانت داری اور اچھے

الْخُلُقِ وَالرِّضَا بِالْقَدَرِ۔

اخلاق کا اور قضا و قدر پر راضی رہنے کا طلبگار ہوں۔

۵۳ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ شُكْرًا وَّلَكَ الْمَنُّ فَضْلًا۔

اے اللہ تیرے ہی لئے سب تعریفیں ہیں شکر کے ساتھ اور تیرے ہی لئے احسان ہے فضل کے ساتھ۔

۵۴ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ التَّوْفِيْقَ لِمَحَابِّكَ مِنَ الْاَعْمَالِ وَ

اے اللہ میں تجھ سے ایسے عملوں کی توفیق چاہتا ہوں جو تیری پسند کے ہوں اور

---

[1] ذکرہ السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاہ الی "حلیۃ الاولیاء" لابی نعیم عن الهیثم بن مالک الطائی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ج ۱ ص ۱۰۰)

[2] ذکرہ السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاہ الی "المعجم الکبیر" للطبرانی عن عائشۃ بنت قدامۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (ج ۱ ص ۱۰۰)

[3] ذکرہ السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاہ الی "مسند" البزار و "المعجم الکبیر" للطبرانی عن ابن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما (ج ۱ ص ۱۰۰)

[4] ذکرہ السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاہ الی "المعجم الکبیر" للطبرانی عن کعب بن عجرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ج ۱ ص ۱۰۰)

[5] ذکرہ السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاہ الی "الحلیۃ" لابی نعیم عن الاوزاعی مرسلاً، والی الحکیم الترمذی عن ابی هریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ج ۱ ص ۱۰۰)

صِدْقَ التَّوَكُّلِ عَلَيْكَ وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ۔

تیری ذات پر سچا بھروسہ اور تیری ذات سے نیک گمان رکھنا طلب کرتا ہوں۔

۵۵ اَللّٰهُمَّ[1] افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِيْ لِذِكْرِكَ وَارْزُقْنِيْ طَاعَتَكَ وَ

اے اللہ میرے دل کے کان اپنے ذکر کے لئے کھول دے اور اپنی اور اپنے رسول کی حکم برداری اور

طَاعَةَ رَسُوْلِكَ وَعَمَلًا بِكِتَابِكَ۔

اپنی کتاب قرآن پر عمل کرنا مجھے نصیب فرمادے۔

۵۶ اَللّٰهُمَّ[2] اجْعَلْنِيْ اَخْشَاكَ كَاَنِّيْ اَرَاكَ اَبَدًا حَتّٰى اَلْقَاكَ وَاَسْعِدْنِيْ

اے اللہ مجھے ایسا بندہ بنالے کہ تجھ سے اس طرح ڈرا کروں جیسا کہ تجھ کو اپنی آنکھوں سے ہمیشہ دیکھ رہا ہوں

بِتَقْوَاكَ وَلَا تُشْقِنِيْ بِمَعْصِيَتِكَ وَخِرْ لِيْ فِيْ قَضَائِكَ وَبَارِكْ لِيْ

اور مجھ کو تقوی کی سعادت نصیب فرما اور اپنی نافرمانی کی وجہ سے مجھ کو بدبخت نہ بنا اور پسند فرمالے میرے لئے اپنے حکم میں اور

فِيْ قَدَرِكَ حَتّٰى لَآ اُحِبَّ تَعْجِيْلَ مَآ اَخَّرْتَ وَلَا تَاْخِيْرَ مَا

مجھے اس میں برکت عطا فرما تاکہ جو بات تونے بعد میں رکھدی ہو اس کی جلدی نہ کروں اور جو اب تونے دیدی ہے اس کے

عَجَّلْتَ وَاجْعَلْ غِنَائِيْ فِيْ نَفْسِيْ۔

بعد میں ہونے کی تمنا نہ کروں اور میرے نفس میں مخلوق سے بے نیازی کی صفت پیدا فرمادے۔

۵۷ اَللّٰهُمَّ[3] الْطُفْ بِيْ فِيْ تَيْسِيْرِ كُلِّ عَسِيْرٍ فَاِنَّ تَيْسِيْرَ كُلِّ عَسِيْرٍ عَلَيْكَ

اے اللہ تو مہربانی فرما مجھ پر ہر مشکل کے آسان کرنے میں بیشک ہر مشکل کا آسان کرنا تیرے لئے بالکل آسان ہے

يَسِيْرٌ وَاَسْاَلُكَ الْيُسْرَ وَالْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔

اور میں تجھ سے آسانی اور معافی کا طالب ہوں دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔

۵۸ اَللّٰهُمَّ[4] اعْفُ عَنِّيْ فَاِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ۔

اے اللہ مجھ کو معاف فرمادے کیونکہ تو بڑا درگذر فرمانے والا اور بخشش کرنے والا ہے۔

---

[1] ذکره السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاه الی "المعجم الاوسط" للطبرانی عن علی رضی اللہ تعالی عنہ (ج ا ص ۱۰۰)

[2] ذکره السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاه الی "المعجم الاوسط" للطبرانی عن ابی ہریرة رضی اللہ تعالی عنہ (ج ا ص ۱۰۰) وکذلک ساقہ فی قسم الاقوال من "جمع الجوامع" (ج ا ص ۱۹۲) ولیس فیہما "ابدا حتی القاک" وھو موجود فی "مجمع الزوائد" للہیثمی، قال الہیثمی رواه الطبرانی فی "الاوسط" وفیہ ابراہیم بن خیثم بن عراک وھو متروک (ج ۱۰ ص ۱۷۸)

[3] ذکره السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاه الی "المعجم الاوسط" للطبرانی عن ابی ہریرة رضی اللہ تعالی عنہ (ج ا ص ۱۰۱)

[4] ذکره السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاه الی "المعجم الاوسط" للطبرانی عن ابی سعید رضی اللہ تعالی عنہ (ج ا ص ۱۰۱)

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

١ اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِيْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِيْ مِنَ الرِّيَاءِ وَلِسَانِيْ

اے اللہ میرا دل پاک کردے نفاق سے اور میرا عمل ریا سے اور میری زبان

مِنَ الْكَذِبِ وَعَيْنِيْ مِنَ الْخِيَانَةِ فَإِنَّكَ تَعْلَمُ خَائِنَةَ

جھوٹ سے اور میری آنکھ خیانت سے کیونکہ تو خوب جانتا ہے آنکھوں کی

الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ۔

چوری اور جو سینوں میں چھپا ہوا ہے۔

٢ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ عَيْنَيْنِ هَطَّالَتَيْنِ تَسْقِيَانِ الْقَلْبَ

اے اللہ مجھ کو ایسی دو آنکھیں دیدے جو زار و قطار آنسو برسانے والی ہوں اور سیراب کریں دل کو

بِذُرُوْفِ الدَّمْعِ مِنْ خَشْيَتِكَ قَبْلَ أَنْ تَكُوْنَ الدُّمُوْعُ

آنسو بہا بہا کر مارے تیرے خوف کے، اس دن سے پہلے کہ آنسو بہتے بہتے خون بن جائیں اور ڈاڑھیں

دَمًا وَّالْأَضْرَاسُ جَمْرًا۔

کنکروں کی طرح (خشک) ہو جائیں یا انگارے بن جائیں۔

٣ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ قُدْرَتِكَ وَأَدْخِلْنِيْ فِيْ رَحْمَتِكَ وَاقْضِ أَجَلِيْ فِيْ

اے اللہ عافیت بخش اپنی قدرت سے اور مجھ کو داخل فرمالے اپنی رحمت میں اور میری عمر کاٹ دے اپنی

طَاعَتِكَ وَاخْتِمْ لِيْ بِخَيْرِ عَمَلِيْ وَاجْعَلْ ثَوَابَهُ الْجَنَّةَ۔

بندگی میں اور میرا خاتمہ فرمادے اچھے عمل پر اور اس کا ثواب جنت بنادے۔

[1] ذکره السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاه الی "نوادر الاصول" للحکیم الترمذی و "تاریخ بغداد" للخطیب عن ام معبد الخزاعیة رضی الله تعالیٰ عنها (ج ١ ص ١٠١)

[2] ذکره السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاه الی ابن عساکر عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما (ج ١ ص ١٠١) و وقع فیه وکذا فی "منتخب الکنز" (ج ٢ ص ١٠٦) "تشفیان" بالشین المعجمة والفاء دون المهملة والقاف و جاء فی قسم الاقوال من "جمع الجوامع" (تسقیان) کما فی "الحزب" کذا فی "کنز العمال" (ج ١ ص ١٩٤)

[3] ذکره السیوطی فی "الجامع الصغیر" وعزاه الی ابن عساکر عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما (ج ١ ص ١٠١) وذکره فی قسم الاقوال من "جمع الجوامع" وعزاه الی "سنن" البیهقی وابن عساکر عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما کذا فی "کنز العمال" (ج ١ ص ١٩٨)

۴ اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِیْ بِالْعِلْمِ وَزَیِّنِّیْ بِالْحِلْمِ وَاَکْرِمْنِیْ بِالتَّقْوٰی

اے اللہ مجھے علم دے کر بے نیاز کر دے اور بردباری سے سرفراز فرما کر زینت بخش اور تقوی نصیب فرما کر

وَجَمِّلْنِیْ بِالْعَافِیَۃِ۔

بزرگی عطا کر اور عافیت بخش کر مزین فرما۔

۵ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ[۲] اَعُوْذُبِكَ مِنْ خَلِیْلٍ مَّاكِرٍ عَیْنَاهُ تَرَیَانِیْ وَقَلْبُهٗ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں ایسے مکار دوست سے جس کی آنکھیں مجھ کو دیکھیں اور اس کا دل میرے تو میں لگا رہے

یَرْعَانِیْ اِنْ رَّاٰی حَسَنَۃً دَفَنَهَا وَاِنْ رَّاٰی سَیِّئَۃً اَذَاعَهَا۔

اگر کوئی نیکی دیکھے تو اس کو چھپالے اور برائی دیکھ پائے تو اس کو پھیلاتا پھرے۔

۶ اَللّٰهُمَّ[۳] اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُؤْسِ وَالتَّبَاؤُسِ۔

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں تنگدستی کی مصیبت سے اور حد سے گزری ہوئی تنگدستی سے۔

۷ اَللّٰهُمَّ[۴] لَا یُدْرِكْنِیْ زَمَانٌ وَّلَا یُدْرِكُوْا زَمَانًا لَّا یُتَّبَعُ فِیْهِ

اے اللہ ایسا زمانہ نہ مجھ کو ملے اور نہ دوسروں کو جس میں عالم کی پیروی نہ کی جائے اور بردبار آدمی سے

الْعَلِیْمُ وَلَا یُسْتَحْیٰ فِیْهِ مِنَ الْحَلِیْمِ قُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ

شرم نہ کی جائے ان کے دل عجمیوں کے سے ہوں

الْاَعَاجِمِ وَاَلْسِنَتُهُمْ اَلْسِنَۃُ الْعَرَبِ۔

اور زبانیں عرب کی سی۔

۸ اَللّٰهُمَّ[۵] اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَغَلَبَۃِ الْعَدُوِّ وَمِنْ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں قرض کی زیادتی اور دشمن کے غلبہ سے اور

بَوَارِ الْاَیِّمِ وَمِنْ فِتْنَۃِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ۔

رانڈ بی بی کی بربادی سے اور مسیح دجال کے فتنہ سے۔

[۱] ذکرہ السیوطی فی الجامع الصغیر وعزاہ الی ابن النجار عن ابن عمر رضی اللہ تعالی عنهما (ج ۱ ص ۱۰۱) وذکرہ ایضا فی قسم الاقوال من جمع الجوامع وعزاہ الی الرافعی عن ابن عمر رضی اللہ تعالی عنهما. کما فی کنز العمال (ج ۱ ص ۱۹۸)

[۲] ذکرہ السیوطی فی الجامع الصغیر وعزاہ الی ابن النجار عن سعید المقبری مرسلا (ج ۱ ص ۱۰۱)

[۳] لعل المصنف اخذہ من الکلم الطیب ولم اعثر علیه. والحدیث ذکرہ المناوی فی کنوز الحقائق فی حدیث خیر الخلائق وعزاہ الی الطبرانی (ص ۳۹۳)

[۴] ذکرہ السیوطی فی الجامع الصغیر وعزاہ الی مسند احمد عن سهل بن سعد رضی اللہ تعالی عنه والی الحاکم عن ابی هریرۃ رضی اللہ تعالی عنه (ج ۱ ص ۱۰۲) وفیه ولا تدرکوا بصیغۃ الخطاب. [۵] ذکرہ السیوطی فی الجامع الصغیر وعزاہ الی الافراد للدارقطنی والمعجم الکبیر للطبرانی عن ابن عباس رضی اللہ تعالی عنهما (ج ۱ ص ۱۰۲)

۹ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ النِّسَآءِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں عورتوں کے فتنہ سے اور تیری پناہ لیتا ہوں

عَذَابِ الْقَبْرِ۔

قبر کے فتنہ سے۔

۱۰ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَتَّخِذُ عِنْدَكَ عَهْدًا لَّنْ تُخْلِفَنِيْهِ فَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ

اے اللہ میں تجھ سے عہد لیتا ہوں تو مجھ سے ہرگز اس کا خلاف نہ کریگا اس میں تو شبہ ہی نہیں کہ میں ایک بشر ہی ہوں

فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ اٰذَيْتُهٗ اَوْشَتَمْتُهٗ اَوْجَلَدْتُّهٗ اَوْلَعَنْتُهٗ فَاجْعَلْهَا

